سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا

# جدول

# اولاد کے 3 حقوق

(قسط دوم)

24 جولائی 2025



# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5منٹ (2): دُعایاد کرنا: 5منٹ (3): جائزہ: 5منٹ۔ کُل دورانیہ: 15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں اولاد کے 3 حقوق (قسط دوم) کے عنوان پر معلومات دی جائیں گی اور تیل لگاتے وقت کی دعایاد کروائی جائے گی۔ اور آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: جس نے مجھ پر 1 مرتبہ دُرودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر 10 رَحمتیں بھیجتا اور اس کے نامۂ اَعْمال میں 10 نیکیاں لکھتا ہے۔ [1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## اولاد کے 3 حقوق (قسط دوم)

### آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ عَلَیْهَا ؕ (پارہ16، سورۂ طٰہٰ:132) | تَرجَمۂ کَنزُالعِرفان: اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی نماز پرڈٹے رہو۔ |

مَعْلُوم ہوا؛ اَہل و عیال یعنی آل، اَوْلاد کو نماز کی تلقین کرنا بھی ہماری ذِمّہ داری میں شامِل ہے۔

### فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

پیارے آقا، مکی مدنی مصطفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: آدمی اپنے اہل واعیال کا مُحافِظ ہے اوراس سے اس کے اہل وعیال کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ [2]

علامہ علی قاری رحمۃُ اللہِ علیہ اس حدیث پاک کی شرح میں فرماتے ہیں: یعنی روزِ قیامت آدمی سے

1 ...ترمذی، ابواب الوتر، باب فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم، صفحہ:144، حدیث:174۔

2 ...سنن ابی داود، کتاب الخراج والامارۃ، باب: مایلزم الامام من حق الرعیۃ، صفحہ:481، حدیث2928، ملخصًا۔

سُوال ہو گا کہ اس نے اپنی اہلیہ اور بچوں کے حقوق پُورے ادا کئے یا نہیں کئے۔[1]

## اولاد کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَوْلاد کے بہت سارے حقوق ہیں، جن میں سے 3 ہم پہلے سیکھ چکے، 3 آج سیکھیں گے۔

مزید 3 حقوق جو آج سیکھنے ہیں:

### پہلا حق : بچے کا اچھا نام رکھنا

**وضاحت:** اچھے معنٰی والے نام کو اچھا کہتے ہیں۔ افضل یہ ہے کہ وہ نام رکھیں جن کی احادیث میں فضیلت بیان ہوئی ہے یا اللہ والوں یعنی نبیوں، ولیوں کے نام پر نام رکھیں، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! ان کا فیضان بھی نصیب ہو جائے گا۔ حدیث پاک میں فرمایا: جس کے ہاں بچہ پیدا ہو، اسے چاہئے کہ اس کا اچھا نام رکھے۔[2]

**نوٹ:** بیٹے کا نام محمد یا احمد رکھئے! احادیثِ کریمہ کے مطابق ❁ جس کے ہاں بیٹا پیدا ہو اور وہ اس کا نام محمد رکھے تو اس کی برکت سے وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے[3] ❁ جس کا نام احمد یا محمد ہو وہ جہنم میں نہ جائے گا[4] ❁ جس نے میرے نام پر نام رکھا، قیامت تک صبح شام اس پر برکتیں نازل ہوتی رہیں گی۔[5]

**نوٹ:** ناموں کے متعلق تفصیلی معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کتاب **نام رکھنے کے احکام** پڑھئے۔

### دوسرا حق : عَقِیقَہ کرنا

**وضاحت:** بچہ یا بچی پیدا ہونے کے شکرانے میں جو جانور ذَبح کیا جاتا ہے، اسے **عَقِیقَہ** کہتے ہیں۔ عَقِیقَہ

---

1 ... مرقاۃ المفاتیح، کتاب الامارۃ والقضاء، جلد:7، صفحہ:241، تحت الحدیث:3685۔
2 ... شعب الایمان، الستون من شعب الایمان وھو باب فی حقوق الاولاد والاھلین، جلد:6، صفحہ:401، حدیث:8666۔
3 ... کنز العمال، کتاب النکاح جلد:8، جز:16 صفحہ:175، حدیث:45215۔
4 ... فردوس الاخبار، جلد:5، صفحہ:472، حدیث:8515، دار الکتاب العربی۔
5 ... کنز العمال، کتاب النکاح جلد:8، جز:16 صفحہ:175، حدیث:45215۔

سنت ہے۔ اس کی برکت سے بچّہ آفتوں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! [1]

**عقیقے سے متعلق مدنی پھول:** ❁ عقیقہ ساتویں دِن کرنا افضل ہے، مثلاً بچہ بُدھ کو پیدا ہوا تو عقیقہ آیندہ منگل کو کریں۔ مثال کے طور پر اگر اس منگل کو نہ کر پائیں تو زندگی میں جب بھی عقیقہ کرنا چاہیں، منگل ہی کو کریں تاکہ ساتویں دِن ہی ہو [2] ❁ عقیقہ میں ایک بکرا یا بکری ذَبح کی جائے ❁ بہتر یہ ہے کہ لڑکے کے عقیقے میں 2 بکرے اور لڑکی کے عقیقے میں ایک بکری ذَبح کی جائے، اگر اس کا لحاظ نہ بھی کریں تو حرج نہیں [3] ❁ مثلاً سات بچے ہوں تو ایک ہی بڑا جانور سب کے عقیقے کے لئے قربان کیا جاسکتا ہے [4] ❁ قربانی کے بڑے جانور میں بھی عقیقے کا حصّہ شامل کیا جاسکتا ہے۔ [5]

**نوٹ:** عقیقے کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لئے شیخِ طریقت امیرِ اہلِ سنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا رسالہ **عقیقے کے بارے میں سوال جواب** پڑھ لیجئے!

### تیسرا حق : اچھی تربیت کرنا

**وضاحت:** بچوں کو اسلامی تعلیمات اور اسلامی آداب سکھانا **اچھی تربیت** ہے۔ حدیث پاک میں ہے: والد کا اپنی اولاد کی اچھی تربیت کرنا، بہترین تحفہ ہے۔ [6] بچوں کی اچھے تربیت کیسے کی جائے، اس بارے میں معلومات کے لئے مکتبۃ المدینہ کی کتاب **تربیت اولاد** پڑھ لیجئے!

## دوہرائی

آج ہم نے اولاد کے 3 حقوق سیکھے ہیں، ذہن میں بٹھا لیجئے: (1): بچے کا اچھا نام رکھنا (2): عقیقہ کرنا (3): اچھی تربیت کرنا۔

---

1 ... مرآۃ المناجیح، جلد:6، صفحہ:4، ملخصاً۔
2 ... فتاوٰی رضویہ، جلد:20، صفحہ:586، ملخصاً۔
3 ... بہارِ شریعت، جلد:3 صفحہ:357۔
4 ... فتاوی اہل سنت، ریفرینس نمبر:Grw-221۔
5 ... فتاوی اہلسنت، ریفرینس نمبر:Web-71۔
6 ... سنن ترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی ادب الولد، صفحہ:477، حدیث:1952۔

# سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

## تیل لگاتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

**ترجمہ:** اللہ پاک کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو بغیر بِسْمِ اللّٰہ پڑھے تیل لگائے تو اس کے ساتھ 70 شیطان تیل لگاتے ہیں۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟

---

[1] ... عمل الیوم ولیل، باب تسمیۃ اذا دھن، صفحہ: 78، حدیث: 175۔

(31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تَہَجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے /سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْراف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟ (56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟